پتہ :- ادارۂ ادبیات حیدرآباد دکن۔

مولفہ نے یہ کتاب گفتگو کے انداز میں بچوں کے لئے لکھی ہے جس میں انھیں پہلے حیدرآباد کے جغرافیہ سے متعلق موٹی موٹی باتیں بتائی ہیں۔ پھر یہاں کی مختصر تاریخ بیان کرنے کے بعد موجودہ حیدرآباد کی صنعتوں، پیشوں، زبانوں۔ رہن سہن کے طریقوں، حکومت کا نظام اور اس کے کارناموں وغیرہ کی نسبت موٹی موٹی باتوں کا ذکر کیا ہے۔ عام اور سرسری واقفیت کے لئے یہ کتاب مفید اور دلچسپ ہے۔

المنبھات علی الاستعداد لیوم المعاد تقطیع خورد ضخامت ۱۵ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت عہ پتہ :- اقبال اکاڈمی ظفر منزل تاجپورہ لاہور۔

یہ کتاب ایک طرح کی عربی ریڈر ہے جو علامہ ابن حجر ہیثمی مکی کی تالیف ہے۔ اس میں مختلف ابواب ہیں اور ہر باب میں متعدد نصیحت آموز اقوالِ نبویہ۔ صحابہ کرام۔ بزرگانِ اسلام اور حکما کے مقولے ہیں یہ کتاب اخلاقی اور ادبی دونوں حیثیتوں سے اس لائق ہے کہ ہمارے مدارس اور اسکولوں کے ابتدائی نصاب عربی میں اس کو شامل کیا جائے۔

نصرتِ دین و اصلاحِ مسلمین کی ایک کوشش از مولانا محمد منظور نعمانی تقطیع خورد ضخامت ۸۸ صفحات۔ قیمت ۸ر

ایک اہم دینی دعوت از مولانا سید ابوالحسن علی ندوی۔ تقطیع خورد ضخامت ۴۸ صفحات قیمت ۲ر

دونوں کتابوں کے ملنے کا پتہ :- مکتبہ الفرقان بریلی۔

یہ دونوں کتابیں اگرچہ دو مصنفوں کے قلم سے ہیں، لیکن ان کا موضوعِ بحث اور اندازِ بیان واستدلال قریب قریب یکساں ہی ہے۔ ان میں مولانا محمد الیاس صاحب کاندھلوی رحمۃ اللہ علیہ کی مشہور تحریک اصلاح وتبلیغ کے حالات اور اس کی اہمیت وضرورت کو خود مولانا مرحوم کے اقوال ومکالمات اور عہدِ نبوی کے نظام تلقین وتربیت کی روشنی میں بیان کیا گیا ہے اور اربابِ صلاحیت واستطاعت حضرات سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ اس تحریک کی اہمیت اور افادیت کو پورے طور پر محسوس کر کے اس میں شامل ہوں اور اس کی مدد کر کے عند اللہ اجر وثواب کے مستحق قرار پائیں امید ہے کہ ان کا مطالعہ بہت سے بے خبر مسلمانوں کے لئے عبرت ونصرت کا سبب ہوگا۔